(الف) ناظرین جو مرقع کی خریداری پسند کرتے ہیں وہ از راہ مہربانی قیمت سالانہ عہ بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمائیں۔

(ب) بہی خواہان مرقع کی اشاعت کر کے حسب توفیق خریدار پیدا کریں اور سالانہ قیمت عہ فوراً بھجوا دیں حتی المقدور نہ اپنے لئے وی پی کی فرمائش دیں نہ جدید خریدار کے لئے بلکہ رقم بذریعہ منی آرڈر بھیجدیں۔ اس میں خرچ کم اور فائدہ مزید ہے (مدیر)

نوٹ گذشتہ ماہ کی تعطیل خریداروں کو مجرا دی جائیگی۔

---

# مرقع کے متعلق میری اپیل

برادرانِ اسلام! مرقع قادیانی کے خریدار بڑھا کر اس ماہوار مجلہ کو بامِ رفعت پر پہنچانے کیلئے آپ حضرات سے اس سے قبل بھی درخواست کر چکا ہوں۔ قوی امید ہے کہ آپ اپنے دوست و احباب کو رسالہ مذکور دکھا کر اُن کو خریدار بننے کی ترغیب دینگے۔ تاکہ مجلہ مذکور قادیانی دنیا پر آفتاب و مہتاب کیطرح چمکنا شروع ہو جائے اور اپنی تیغِ صداقت سے قادیانی دنیا پر اچھی طرح حکومت کر سکے۔ اور حق کو حق اور باطل کو باطل کر کے دکھلانے میں اپنی پوری قوت خرچ کرے؛

برادرانِ من! جمہور اہلِ اسلام کے مقابلہ میں قادیانی جماعت ایک مُٹھی بھر جماعت ہے۔ پھر بھی اس قادیانی جماعت کے اُردو عربی جرمنی جاوی وغیرہ مختلف زبانوں میں جرائد و رسائل نکلتے ہیں۔ تو کیا ہم مرزائیوں کا مذہبی جوش دیکھکر بھی کوئی نتیجہ اخذ نہیں کر سکتے؟ مجھے قوی امید ہے کہ ناظرین مرقع قادیانی کو بامِ رفعت پر پہونچانے کے لئے سعی بلیغ فرمائیں گے۔ تاکہ مذہبی میدان میں قادیانیت کے مقابلہ میں اسلام کو غلبہ حاصل ہو اور قادیانی ضلالت کا بڑھتا ہوا طوفان رُک جائے۔ اس کے ساتھ ہی دیوبندی اصحاب سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ آپ حضرات بھی مرقع قادیانی کے قلمی مددگار